© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## دعوتِ ارواح

مصنف : محمد ارشد قادری

ناشر : مکتبۃ المعارف ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

صفحات : ۲۸۸ ۔ کتابت ، طباعت ، کاغذ ، جلد سرورق دیدہ زیب ۔

قیمت : پندرہ روپے ۔

یہ کتاب روحانیت کے موضوع پر مشتمل ہے ۔ اس میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ روح کس چیز سے تعبیر ہے ، اس کی حقیقت اور ماہیت کیا ہے ۔ عالم برزخ کی کیا تعریف ہے اور اس میں روح کو کن کن احوال و مقامات سے گزرنا پڑتا ہے ، اہلِ دنیا کے ساتھ اس کے روابط و تعلقات کی کیا نوعیت ہے ۔ احضارِ روح ممکن ہے یا نہیں ۔ اگر ممکن ہے تو اس کی کیفیات کیا ہیں ۔ پھر مغربی ماہرینِ روحانیات نے اس ضمن میں جن افکار و آرا کا اظہار کیا ہے اور مصنف کے نقطۂ نظر کے مطابق اس موضوع سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ان سے جہاں جہاں لغزشِ فکر ہوئی ہے ، اس کتاب میں اس کا اچھی طرح تجزیہ کیا گیا ہے ، ان کی غلطیوں کی نشان دہی کی گئی ہے اور صحیح نقطۂ نظر کو منقح کیا گیا ۔ اس سلسلے میں قرآن کی آیات ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ، صحابہ کے اقوال اور بزرگانِ دین اور صوفیائے کرام کے ارشادات سے استدلال کیا گیا ہے ۔ کتاب اپنے موضوع میں دلچسپ اور بہت سے معلومات کی حامل ہے ۔

## اُسوۂ رسول ؐ

مصنف : مولانا فضل الرحمان دھرم کوٹی ۔

ناشر : مکتبۂ رشیدیہ ۔ ۳۲ ، اے ، شاہ عالم مارکیٹ ، لاہور

کتابت ، طباعت ، کاغذ ، جلد بہترین ، صفحات ۲۳۸ ، سائز $\frac{20\times30}{16}$ ۔ قیمت : ۵۰/۷ روپے ۔

یہ کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی زندگی کے کوائف پر مشتمل ہے اور تین ابواب کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محیط ہے۔ پہلے باب میں اس پہلو کی تفصیل بیان کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شکل و صورت میں ہمارے لیے کیا اسوۂ حسنہ موجود ہے اور اس ضمن میں ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں کن کن امور پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔ دوسرے باب میں آپ کی خوراک و پوشاک اور نظافت و نفاست کا ذکر کیا گیا ہے، اور اس میں جو نمونہ آپ نے پیش فرمایا، اس کی وضاحت کی گئی ہے۔ تیسرا باب آپ کے خورد و نوش کے بارے میں ہے اور اس ضمن میں آپ کے معمولات کا تذکرہ ہے۔

قارئین کو کتاب کے مندرجات سے استفادہ کرنا چاہیے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام و ارشادات کو سامنے رکھنا چاہیے۔

## مذہب اور سائنس

مصنف: مولانا عبدالباری ندوی۔

ناشر: مکتبہ رشیدیہ: ۱۳۲ اے۔ شاہ عالم مارکیٹ، لاہور۔

سفید کاغذ، عمدہ کتابت، بہترین طباعت مضبوط جلد۔

صفحات: ۲۳۸ - قیمت: پندرہ روپے۔

مولانا عبدالباری ندوی، برصغیر پاک و ہند کے مشہور علما میں سے ہیں۔ وہ گوناگوں اوصاف کے مالک ہیں اور اللہ نے کئی خوبیاں ان کی ذات میں جمع کر دی ہیں۔ قدیم دور کے ندوی ہیں اور ان روایات کے حامل ہیں جو اس دور کے اہلِ علم کی خصوصیات ہیں۔ وہ عالم و محقق بھی ہیں۔ تصوف و طریقت کے دل دادہ بھی ہیں اور فلسفہ و سائنس کی پیچیدہ گتھیوں کو سلجھانے میں بھی مہارت رکھتے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب جو مذہب اور سائنس کے نام سے موسوم ہے، ان کی معروف تصنیف ہے اور جن مندرجات و مشتملات کو اپنے دامنِ صفحات میں سمیٹے ہوئے ہے، وہ فلسفہ و حکمت اور مذہب و سائنس میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ تعلیم یافتہ طبقے میں اس کتاب کی افادیت مسلمہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ متعدد دفعہ طباعت و اشاعت کے مراحل طے کر چکی ہے۔ اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ مذہب اور سائنس کی راہیں الگ الگ ہیں اور دونوں میں کوئی تصادم نہیں ہے۔ اہلِ علم کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

© rasailojaraid.com